14/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید تجمل اندرابی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔ اب آپ........سے خبریں سُنیے۔

*........ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہریانہ اور گووا کے لئے نئے گورنر اور لداخ کے لئے نئے لیفٹنٹ گورنر کئے تعینات۔

*........ بھارت نے باہمی طور مثبت نتائج حاصل کرنے کے لئے چین کے ساتھ رشتوں کو متواتر معمول پر لانے کی ضرورت پر دیا زور ۔

*........ متعدد وفود رابطہ دفتر سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقی // مسائل کو حل کرنے کے لئے حکومت کے بھر پور تعاون کا دلایا یقین ۔

اور

*........سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری // اب تک دو لاکھ19 ہزار سے زائد یاتریوں نے دی گھپا میں حاضری ۔

**صدر جمہوریہ**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج ہریانہ اور گووا کے لئے نئے گورنر اور لداخ کے لئے نئے لیفٹنٹ گورنر تعینات کئے ۔ شہری ہوا بازی کے سابق وزیر Pusapati Ashok Gajapati Raju گووا جبکہ پروفیسر اشیم کمار گھوش ہریانہ کے گورنر ہوں گے ۔ کوِندر گپتا کو لداخ کا نیا ایل جی مقرر کیا گیا ہے ۔ صدر جمہوریہ نے لداخ کے لیفٹنٹ گورنر بریگیڈئیر ریٹائرڈ ڈاکٹر بی ڈی شرما کا استعفیٰ بھی منظور کیا ۔

**مبارک**

دریں اثناءلداخ کا لیفٹنٹ گورنر تعینات ہونے پر بی جے پی جموں کشمیر کے لیڈروں نے کوِندر گپتا کو مبارک باد دی ہے اور ان کے گھر جا کر ان کی عزت افزائی کی ۔ بی جے پی صدر ست شرما اور کئی دیگر لیڈروں نے نئے عہدے کے لئے کوِندر گپتا کو نیک خواہشات دیں ۔

**وزیر خارجہ**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بڑھتے بین الاقوامی تناو کے بیچ بھارت اور چین کے درمیان خیالات کے کھلے تبادلے کی اہمیت کو اجا گر کیا ہے ۔ Beijing میں آج چین کے نائب صدر Han Zheng کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین تعلقات لگاتار معمول پر لانے سے مثبت نتائج بر آمد ہوں گے ۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے برس اکتوبر مہینے میں وزیر اعظم نریندر مودی اور چین کے صدر کے درمیان Kazan میں میٹنگ کے بعد دونوں ملکوں کے رشتوں میں بتدریج سدھار آ رہا ہے ۔

**بھارتی خلاء**

Axiom 4 مشن کے دیگر گروپ ممبران کی بھارتی خلاءباز گروپ کیپٹن سبہانشو شُکلا اور Spacex واپسی کا سفر آج شروع ہوا ۔ Crew Capsule- نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ Dragon انٹرنیشنل سپیس سٹیشن سے علیحدہ ہو چکا ہے اور یہ ساڑھے 22 گھنٹوں میں زمین کے مدار میں داخل ہو گا ۔

**وزیر اعلیٰ**

Raabita آج دفتر سرینگر میں متعدد وفود وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقی ہوئے اور ترقیاتی عمل نیز مختلف اداروں کے کام کاج اور عوامی بہبود کے معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔ وزیر اعلیٰ نے تمام وفود کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ حکومت ان معاملات سے نمٹنے کے لئے مناسب کاروائی کرے گی ۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کی عمل آوری کا ایک ID's میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔ انہوں نے مریضوں کا ہیلتھ ریکارڈ آبھا کے ساتھ جوڑنے کی ضرورت پر زور دیا ۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کا ہیلتھ ریکارڈ متواتر اپڈیٹ کیا جانا چاہئے تاکہ

انہیں اسپتالوں میں جاتے وقت پیپر ریکارڈ ساتھ لینا نہ پڑے ۔ انہوں نے سو فیصد ڈیجیٹل اصلاحات فوری طور سے عمل میں لانے کی بھی ہدایات دیں ۔

**یاترا**

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا بال تل اور نن ون دونوں راستوں سے خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ آج شام پانچ بجے تک 19 ہزار299 یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے اور یوں یاترا شروع ہونے سے اب تک مجموعی طور پر دو لاکھ19 ہزار 362 یاتریوں نے پوتر گھپا کے درشن کئے ہیں ۔ اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار143یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچا ۔

**تاثرات**

دریں اثناءیاتری یہاں کی موسمی صورتحال اور لوگوں کی مہمان نوازی نیز یاترا کے تعلق سے انتظامیہ کی طرف سے سلامتی سمیت دیگر انتظامات سے کا فی مطمئن ہیں۔ آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کئی یاتریوں کے تاثرات۔

-----

**ماک ڈرل**

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے آج شیش ناگ ، پنچترنی اور پوتر گھپا میں ماک ڈرلز کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف محکموں کے اہلکاروں کے علاوہ پولیس ، فوج اور نیم فوجی دستوں کے اہلکاروں نے بھی شرکت کی ۔ اس پہل کا مقصد نا خوشگوار صورتحال کے دوران یاتریوں کی راحت رسانی کو یقینی بنانا ہے ۔

**کیمپ**

مرکزی وزارت خزانہ کے ڈپارٹمنٹ آف فائنانشل سروسز کی طرف سے مالی شمولیات سے متعلق تین ماہ طویل قومی سطح کی مہم کے تحت آج جموں کشمیر بنک نے تمام کلسٹروں میں بڑے بیداری کیمپوں کا انعقاد کیا ۔ ان کیمپوں میں کافی تعداد میں عام لوگوں ، منتخب نمائندوں ، ضلع انتظامیہ کے افسروں اور بنک اہلکاروں نے شرکت کی اور شرکاءکو پردھان منتری جن دھن یوجنا ، پردھان منتری جیون جیوتی بیمہ یوجنا ، پردھان منتری سرکھشا بیمہ یوجنا اور اٹل پنشن یوجنا جیسی سکیموں کے بارے میں جانکاری دی گئی ۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں- DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**ج□**

حج 2026 کے لئے آن لائن فارم جا ری کئے جا چکے ہیں ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی نے فارم جمع کرانے نیز عازمین تک دیگر جانکاری پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے ہیں ۔ حج کمیٹی کے چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر کے تمام ضلعوں میں حج سیل قائم کئے گئے ہیں ۔ انہوں نے مزید کہا ۔

-----------

**ڈاکٹر رئی□انہ□بیب کنٹھ**

وادی میں گرمی کی شدت اور خشک موسمی صورتحال سے ایک طرف زرعی شعبہ متاثر ہو رہا ہے اور دوسری طرف پشو پالن پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ ہے تاہم لازمی اقدامات کرنے سے ہم اپنے مال مویشی کو نا خوشگوار موسمی صورتحال کے منفی اثرات سے محفوظ رکھ سکتے ہیں ۔ اس ضمن میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں ڈائریکٹر ایکسٹنشن اور سینئر سائنس دان ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-----------

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

.........................

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینجے
توفیق علی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات President اینڈ کے ٹیچرس فورم کے زونل
کرتے ہوئے کہا ۔

**سمٹ**

نوجوانوں کے امور کی مرکزی وزارت "وکست بھارت کے لئے نشہ مکت یووا " کے موضوع پر
سمٹ رواں مہینے کی 18 تاریخ سے وارانسی میں منعقد کر رہی ہے ۔ Spiritual تین روزہ یوتھ
اس سمٹ کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو منشیات سے پاک کرانے کے لئے قومی سطح کی جامع
حکمت عملی تیار کرنا ہے ۔

**نلن پربھات**

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے آج ہندواڑہ کے راجوار اور زچلڈارہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں تعینات پولیس اہلکاروں اور افسروں کے ساتھ بات چیت کی ۔ انہوں نے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ہنروں میں لگاتار اضافہ کریں تاکہ جموں کشمیر کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے نشانے کو حاصل کیا جا سکے ۔

**PCR**

دہشت پسندی سے متاثرین کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پولیس کنٹرول روم کشمیر میں
مخصوص ہیلپ لائن نمبر قائم کئے گئے ہیں ۔ نمبرات ہیں 0194-2506548 اور 7889373200 ۔
ان کے ساتھ صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے ۔ دہشت پسندی سے
پر بھی بھیج سکتے ہیں ۔ pcrsgroff@jkpolice.gov.in متاثرین اپنی شکایات ای میل آئی ڈی

**ست شرما**

شری کیلاک جیوتش ایوَم ویدِک سنستھان ٹرسٹ نے سرکاری طور پر جموں کے سبھاش نگر ایکسٹنشن 1 کو دنیا کا پہلا سنسکرت محلہ قرار دیا ہے ۔ بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج اس پہل کا آغاز کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ویدِک سنستھان ٹرسٹ نے علاقے میں دیوا وانی سنسکرت کو فروغ دینے اور لوگوں میں جامع بیداری پیدا کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے ۔ انہوں نے سنسکرت کو دنیا کی پرانی ترین اور عظیم زبان قرار دیا ۔

**سنیل شرما**

جموں میں سول سیکریٹریٹ کے باہر اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کی قیادت میں بی جے پی کے اسمبلی ممبروں نے نائب تحصیلدار اسامیوں کے لئے اردو مضمون کو لازمی قرار دینے کے حکومت کے فیصلے کے خلاف احتجاج کیا ۔ سنیل شرما نے اس موقعہ پر میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے جموں کے نوجوانوں اور خطے کے اردو زبان نہ بولنے والے نوجوانوں کے ساتھ زیادتی ہو گی ۔

**غلام علی کھٹانہ**

بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر امن ، ترقی اور خوشحالی کی ایک نئی ڈگر پر گامزن ہے ۔ گرکوٹ اوڑی میں آج بابا فرید زیارت گاہ پر ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کانگریس اور نیشنل کانفرنس پر الزام لگایا کہ یہ پارٹیاں نوجوانوں کو بقول ان کے تباہی کی طرف دھکیلنے کی ذمہ دار ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ زیارت گاہ پر سہولیات کو دوام بخشنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے ۔

**تعزیت**

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے سینئر لیڈروں نے پارٹی کے سینئر کارکن موہن سنگھ رانا کے انتقال پر صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ان لیڈروں نے آنجہانی کے رول کو اجا گر کیا ۔

**پی ڈی پی**

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے آج سِر ہامہ دچھنی پورہ کا دورہ کر کے وہاں مرحوم غلام حسن نینگرو کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ۔ انہوں نے مرحوم کی ایثال ثواب کے لئے دعا کی ۔

## JDU

جنتا دل یونایٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج بارہمولہ میں کئی ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کو جمہوریت کے چوتھے ستون کی حیثیت حاصل ہے اور یہ سماج میں اصلاحات لانے میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے ۔

## اطلاع

آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے آٹھ بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہو گا ۔ پروگرام کے مہمان ہوں گے وادی کے ایک معروف گلو کار ، موسیقار اور جموں کشمیر میوزک آرٹِسٹ فیڈریشن سرینگر کے چیئر مین وحید جیلانی ۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر ۔

## ACB

جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے سب پوسٹ آفس بانڈی پورہ میں تعینات پوسٹل اسسٹنٹ مدثر احمد کو 6 ہزار 5 سو روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے ۔

## NCC

کیڈٹس کے لئے اپنی NCC پدم شری پدم سچدیوا گورنمنٹ زنانہ کالج گاندھی نگر جموں میں آج ڈائریکٹوریٹ NCC ٹریننگ کورس کا آغاز ہوا ۔ جموں کشمیر و لداخ Obstacle نوعیت کے پہلے کی طرف سے منعقد کئے جا رہے اس کورس میں تین ہزار 520 کیڈٹوں پر مشتمل جموں کشمیر ڈائریکٹوریٹ کے NCC بٹالین شرکت کر رہی ہیں ۔ جموں کشمیر و لداخ NCC کی آٹھ خواتین ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل انوپِندر بیولی نے اس تربیتی پروگرام کا آغاز کیا ۔

## شیو راج سنگھ چوہان

مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی کہ وہ نقلی اور غیر معیاری کیمیاوی کھادوں کی روکھتام کیلئے فوری اور سخت کارروائی کرے۔زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اس سلسلے میں تمام وزراءاعلیٰ کو ایک مکتوب لکھا ہے ، جو ملک میں نقلی کیمیاوی کھادونکی فروخت ،سبسڈی والی کیمیاوی کھادوں کی کالا بازاری اور زبردستی

ٹیگ لگائے جانے کی غیر قانونی سرگرمیوں کی روکتھام کی غرض کے مقصد سے جاری کیا گیا ہے۔

**اجیت کمار ساہو**

زراعت محکمے کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری اور ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے سنٹرل پربھاری آفیسر اجیت کمار ساہو نے آج بارہمولہ میں ایک میٹنگ کے دوران نیتی آیوگ کے ایسپریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ضلع میں مختلف سیکٹروں کے تحت عملائی جا رہی فلاحی سکیموں کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

**سیریکلچر**

ڈائریکٹر سیریکلچر جموں کشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج مِر گنڈ بارہمولہ میں قائم Basic Seed Station کا دورہ کر کے وہاں ریشم کے کیڑے پالنے سے جڑیں سرگرمیوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے عملے کو ہدایت دی کہ وہ مزید تندہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے گنچہ ابریشم صنعت سے وابستہ کسانوں کی ہر ممکن مدد کریں ۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے
۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 31 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صب□ 7بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔